- نماز کلمے جنازہ
- طریقہ نماز باتصویر
- 40 دعائیں
- 40 احادیث
- بنیادی اسلامی تعلیم

مرتب
مولانا سید عبدالوہاب شاہ

ادارۃ الصدیق

نام کتاب	ابتدائی دینی نصاب
مرتب	مولانا سید عبدالوہاب شاہ
معاون	مفتی عبیداللہ شاہ شیرازی
کمپوزنگ، ڈیزائننگ	ابومحمد شیرازی
ناشر	ادارۃ الصدیق

اشاعت اول: مارچ 2011ء۔ اشاعت دوم: مئی 2011ء۔ اشاعت سوم: مارچ 2012ء۔

مکتبہ الصدیق	03215083475
مکتبہ شہید اسلام	03022918429
مکتبہ قرآن محل	03215123698

Email: sherazi313@gmail.com

1
مساجد و مدارس اور اسکول میں
پڑھنے والے مسلمان بچوں کا
ابتدائی دینی نصاب
میرا نام: ______ بن ______ ہے۔
میں ______ کلاس میں پڑھتا ہوں۔
میرے سکول کا نام: ______ ہے۔
میرا ایڈریس: ______ ہے۔
مرتب
مولانا سید عبدالوہاب شاہ
ادارۃ الصدیق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں

شروع کرنے کی تاریخ ________　　یاد ہو جانے کی تاریخ ________

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں
اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں

شروع کرنے کی تاریخ ________　　یاد ہو جانے کی تاریخ ________

ہدایات برائے اساتذہ

بچے کو اول اور دوم کلمہ صحیح تلفظ کے ساتھ یاد کرائیں۔ پہلے استاد بچے کے سامنے کلمے کو دہرائے پھر بچے سے کہلوائے۔ مختصر وقت میں جلد یاد کرانے کے لئے بچوں کا گروپ بنا دیا جائے، سب بچے باری باری ایک دوسرے کو کہلوائیں اور استاد دستنار ہے، جہاں اصلاح کی ضرورت ہو اس کی تصحیح کر دی جائے۔ جب تک گروپ کے تمام بچوں کو اول کلمہ یاد نہ ہو جائے دوم کلمہ نہ شروع کرائیں، یاد ہونے کے بعد دوم کلمہ شروع کریں اور اول کلمہ کی روزانہ دہرائی کرائیں۔

نماز حصہ اول

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ؕ
اللہ سب سے بڑا ہے

ثنا

سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَ بِحَمْدِکَ وَ تَبَارَکَ
اے اللہ! ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں اور تیری تعریف کرتے ہیں اور تیرا نام بہت
اسْمُکَ وَ تَعَالٰی جَدُّکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ ؕ
برکت والا ہے اور تیری بزرگی بہت برتر ہے اور تیرے سوا کوئی مستحق عبادت نہیں

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

تعوّذ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ
میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں شیطان مردود سے

تسمیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سورۃ فاتحہ یا الحمد شریف

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ
ہر قسم کی تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے بڑا
مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ
مہربان نہایت رحم والا ہے۔ روز جزا کا مالک ہے (اے اللہ!) ہم تیری ہی عبادت
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ
کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہم کو سیدھے راستے پر چلا ایسے لوگوں کے
اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ
راستے پر جن پر تو نے انعام فرمایا ہے نہ ان کے راستے پر جن پر تیرا غصہ ہوا
وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۠ اٰمِیْن
اور نہ گمراہوں کے راستے پر چلا!

شروع کرنے کی تاریخ ________

یاد ہو جانے کی تاریخ ________

اسلامی معلومات

سورۃ فاتحہ قرآن مجید کی پہلی سورۃ ہے۔ اس کی کل سات آیات ہیں۔

سوال: آسمانی کتابیں کتنی ہیں۔۔۔؟

جواب: آسمانی کتابیں چار ہیں۔

سوال: ان کے نام بتائیں۔

جواب: ۱۔ توراۃ ۲۔ زبور ۳۔ انجیل ۴۔ قرآن

سورہ اخلاص

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمۡ یَلِدۡ ۝
(اے نبی!) کہہ دو کہ وہ (یعنی) اللہ یگانہ ہے اللہ بے نیاز ہے اس سے کوئی پیدا نہیں
وَلَمۡ یُوۡلَدۡ ۝ وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝
ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور کوئی اس کے برابر نہیں

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

اسلامی معلومات

سورۃ اخلاص تین بار پڑھنے سے پورے ایک قرآن پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

سوال: چار آسمانی کتابیں کن کن پیغمبروں پر نازل ہوئیں۔۔؟

جواب:
۱۔ تورات: حضرت موسیٰ علیہ السلام پر۔ ۲۔ زبور: حضرت داؤد علیہ السلام پر۔
۳۔ انجیل: حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر۔ ۴۔ قرآن: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر۔

نماز کا حصہ اول مکمل ہوا۔

ھدایات برائے اساتذہ

بچوں کو یہاں تک نماز کا طریقہ عملی طور پر کر کے سکھائیں۔ تکبیر تحریمہ کا طریقہ، ہاتھ باندھنے کا طریقہ اور مقام، کھڑے ہونے کا طریقہ، پاؤں کا رُخ کس طرف ہو، نظر کہاں ہو، اور توجہ کس طرف ہو، جماعت کی صورت میں صف بنانے کا طریقہ یہ سب تفصیل کے ساتھ سمجھائیں اور عملی طور پر مشق کرائیں۔ جب تک یہ تمام چیزیں از بر یاد نہ ہوں مزید سبق نہ دیں۔

نماز حصہ دوم

اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے

رکوع یعنی جھکنے کی حالت کی تسبیح

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ

پاکی بیان کرتا ہوں میں اپنے پروردگار بزرگ کی

قومہ یعنی رکوع سے اُٹھتے وقت کی تسمیع

سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ

اللہ نے (اس کی) سن لی جس نے اس کی تعریف کی

اِسی قومہ کی تحمید

رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ

اے ہمارے رب تیرے ہی لئے سب تعریف ہے

سجدہ یعنی زمین پر سر رکھنے کی حالت کی تسبیح

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی

پاکی بیان کرتا ہوں میں اپنے پروردگار برتر کی

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ
تمام قولی عبادتیں اور تمام فعلی عبادتیں اور تمام مالی عبادتیں اللہ ہی کے لئے ہیں سلام
عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ
ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک
عَلَيْنَا وَ عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ
بندوں پر گواہی دیتا ہوں میں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں میں
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

سوال آسمانی کتاب کا کیا مطلب ہے۔۔؟

جواب یعنی وہ کتاب جس کو اللہ تعالیٰ نے آسمان سے نازل کیا۔

سوال چاروں آسمانی کتابوں میں سب سے افضل کونسی کتاب ہے۔۔؟

جواب قرآن مجید۔

سوال قرآن مجید کتنے عرصے میں نازل ہوا۔

جواب تقریباً 23 سال میں۔

درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
اے اللہ رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر جیسے کہ رحمت نازل
صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
فرمائی تو نے ابراہیم علیہ السلام پر اور ان کی آل پر بیشک تو تعریف کا مستحق بڑی بزرگی
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
والا ہے۔ اے اللہ برکت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر جیسے برکت
اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی
نازل فرمائی تو نے ابراہیم علیہ السلام پر اور ان کی آل پر
اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
بیشک تو تعریف کا مستحق بزرگی والا ہے

شروع کرنے کی تاریخ ________

یاد ہو جانے کی تاریخ ________

اسلامی معلومات

تمام درودوں میں سب سے افضل یہی درود ابراہیمی ہے۔

ایک بار درود شریف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں، دس گناہ معاف ہوتے ہیں، دس درجات بلند ہوتے ہیں۔

جب حضور ﷺ کا نام لیں یا کسی اور سے سنیں تو ایک بار درود شریف پڑھنا واجب ہے۔

سب سے مختصر درود شریف صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

درود شریف کے بعد کی دُعا

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ
اے اللہ ہمیں دنیا میں بھی نعمت عطا فرما اور آخرت میں بھی
حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ
نعمت عطا فرما اور ہمیں جہنم کے عذاب سے محفوظ رکھنا۔

سلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ ط
سلام ہو تم پر اور اللہ کی رحمت

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

اسلامی معلومات

نماز کے بعد دعا قبول ہوتی ہے۔ دعا صرف اللہ سے مانگنی چاہیے۔ اللہ کے علاوہ کسی اور سے مانگنا منع ہے۔ نماز چھوڑنا سخت گناہ ہے۔

ہمارے پیغمبر حضرت محمد ﷺ نے فرمایا:

جب بچہ سات سال کا ہو جائے تو اسے نماز کا کہو، جب دس سال کا ہو جائے اور نماز نہ پڑھے تو مارو۔

نماز نہ پڑھنے سے قبر میں سخت عذاب ہوتا ہے۔ اور قیامت والے دن بھی سخت عذاب ہوگا۔

برائے اساتذہ: مندرجہ بالا باتیں بچوں کو اچھی طرح تفصیل کے ساتھ سمجھا دیں

اساتذہ کرام!

بچوں کو پوری نماز کا طریقہ عملی طور پر صفوں میں کھڑے کر کے سکھائیں۔

بچوں کو بتائیں کہ:

تکبیر تحریمہ کہتے وقت ہاتھوں کو کانوں تک اس طرح اٹھائیں کہ ہتھیلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو۔ پھر ہاتھ ناف کے نیچے باندھیں۔

نظر سجدے والی جگہ پر ہو، پاؤں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو۔

جب جماعت کے ساتھ نماز پڑھ رہے ہوں تو امام کے پیچھے صرف ''ثناء'' پڑھیں۔

تعوذ، تسمیہ، سورۃ فاتحہ، اور دیگر سورۃ امام خود پڑھے گا۔

جب امام ولا الضالین کہے تو آہستہ آمین کہنی چاہیے۔

رکوع میں اتنا جھکیں کہ سر اور پیٹھ برابر ہو جائیں، نظر پاؤں پر ہو۔ رکوع سے فوراً سجدے میں نہ جائیں بلکہ سیدھے کھڑے ہو کر پھر سجدے میں جائیں۔

ایک سجدہ کر کے اطمینان کے ساتھ کچھ دیر بیٹھیں اور پھر دوسرا سجدہ کریں۔ سجدے میں نظر ناک پر ہو۔

تشہد میں اشہدان لاالہ پر انگوٹھے اور بڑی انگلی کا حلقہ بنا کر شہادت والی انگلی اٹھائیں اور الا اللہ پر نیچے جھکا دیں۔ تشہد میں نظر گود میں ہو۔

دُعائے قنوت

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَ نَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ
الٰہی! ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے معافی مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان رکھتے ہیں اور
وَ نَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَ نُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ ط وَنَشْکُرُکَ
تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں اور تیری بہت اچھی تعریف کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں اور
وَ لَا نَکْفُرُکَ وَ نَخْلَعُ وَ نَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ ط
تیری ناشکری نہیں کرتے اور الگ کرتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی
اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَ نَسْجُدُ وَ
کرے۔ الٰہی! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے ہی لئے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ
اِلَیْکَ نَسْعٰی وَ نَحْفِدُ وَ نَرْجُوْا رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی
کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے ہیں اور جھپٹتے ہیں اور تیری رحمت کے امیدوار
عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ ط
ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بیشک تیرا عذاب کافروں کو پہنچنے والا ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ ________

یاد ہو جانے کی تاریخ ________

حدیث فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص وتر نہ پڑھے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ تین بار یوں ہی فرمایا۔ لہٰذا وتر نماز کبھی نہ چھوڑو۔

وضو کے چار فرض ہیں۔

1۔ پورا چہرہ دھونا......2۔ ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھونا......3۔ چوتھائی سر کا مسح کرنا......4۔ دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

ان چار میں سے کوئی چیز رہ گئی تو وضوء نہ ہوگا۔

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

وضو کی تیرہ سنتیں ہیں۔

1۔ نیت کرنا......2۔ بسم اللہ پڑھنا......3۔ ہر عضو کو تین تین بار دھونا......4۔ مسواک کرنا......5۔ کلی کرنا......6۔ ناک میں پانی ڈالنا......7۔ داڑھی کا خلال کرنا......8۔ انگلیوں کا خلال کرنا......9۔ پورے سر کا مسح کرنا......10۔ کانوں کا مسح کرنا......11۔ ترتیب سے وضوء کرنا......12۔ مسلسل وضو کرنا......13۔ اعضاء کو ملنا۔ انگوٹھی اور چوڑیاں اگر پہنی ہوں تو ان کو حرکت دینا تاکہ پانی نیچے پہنچ جائے۔

نوٹ: گردن کا مسح مستحب ہے۔ جبکہ کہنیوں اور حلق کا مسح کرنا غلط ہے۔

ان تیرہ سنتوں میں سے کوئی رہ جائے تو وضوء تو ہو جائے گا لیکن ثواب کم ملے گا۔

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

نماز میں چودہ فرائض ہیں۔ (سات نماز سے پہلے اور سات نماز کے اندر)

1۔ بدن کا پاک ہونا......2۔ کپڑوں کا پاک ہونا......3۔ جگہ کا پاک ہونا......4۔ ستر کا چھپانا......5۔ وقت کا ہونا......6۔ قبلہ کی طرف منہ کرنا......7۔ نیت کرنا......8۔ تکبیر تحریمہ......9۔ قیام (یعنی کھڑے ہو کر نماز پڑھنا)......10۔ قرأت (یعنی قرآن کا کچھ حصہ پڑھنا)......11۔ رکوع کرنا......12۔ دونوں سجدے کرنا......13۔ قعدہ اخیرہ (یعنی آخری رکعت میں تشہد کی مقدار بیٹھنا۔......14۔ اپنے ارادے سے نماز ختم کرنا۔

ان میں سے کوئی چیز رہ گئی تو نماز ہرگز نہ ہوگی، اگرچہ سجدہ سہو بھی کرلیا جائے۔

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

نماز میں مندرجہ ذیل واجبات ہیں۔

1۔سورۃ فاتحہ کا پڑھنا...... 2۔فاتحہ کے ساتھ کسی سورت کا ملانا (یعنی فرض کی پہلی دو رکعتوں میں اور باقی نمازوں کی تمام رکعتوں میں سورۃ پڑھنا)...... 3۔فاتحہ کو سورۃ سے پہلے پڑھنا...... 4۔قرأت کے لئے فرض کی پہلی دو رکعتوں کو متعین کرنا...... 5۔جہر اور سر (یعنی امام کیلئے ظہر، عصر میں آہستہ اور فجر، مغرب، عشاء، جمعہ، عیدین اور تراویح میں بلند آواز سے قرأت کرنا...... 6۔تعدیل ارکان (یعنی اطمینان سے نماز ادا کرنا)...... 7۔رکوع کر کے سیدھا کھڑا ہونا...... 8۔دو سجدوں کے درمیان بیٹھنا...... 9۔قعدہ اولیٰ (یعنی چار رکعت والی نماز میں دوسری رکعت کے سجدہ کے بعد تشہد کی مقدار بیٹھنا...... 10۔تشہد پڑھنا...... 11۔ارکان (فرائض) میں ترتیب قائم رکھنا...... 12۔لفظ سلام سے نماز ختم کرنا...... 13۔وتر میں دعائے قنوت پڑھنا...... 14۔دعائے قنوت سے پہلے تکبیر کہنا...... 15۔عیدین میں چھ زائد تکبیریں کہنا۔

ان میں سے کوئی چیز بھول کر رہ جائے تو سجدہ سہو کرنے سے نماز ہو جائے گی

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

اذان و اقامت

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ، اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ، حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہِ

فجر کی اذان میں حی الفلاح کے بعد "اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم" دو مرتبہ کہیں۔ اقامت بھی اذان ہی کی طرح ہے، صرف حی الفلاح کے بعد "قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ" دو مرتبہ کہیں۔ جب اذان شروع ہو تو باتیں بند کر دیں اور اذان کا جواب دیں، اذان کے جواب میں وہی الفاظ کہیں جو مؤذن کہتا ہے، صرف حی الصلوۃ اور حی الفلاح کے جواب میں "لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ" کہیں۔ اقامت کا جواب بھی اذان کے جواب کی طرح ہے صرف قد قامت الصلوۃ کے جواب میں "اَقَامَھَا اللّٰہُ وَاَدَامَھَا" کہیں۔

وضو اور نماز کا طریقہ

ا۔ قبلہ کی طرف رخ کر کے اونچی جگہ پر بیٹھیں طہارت کی نیت اور بسم اللہ پڑھیں۔ پھر سب سے پہلے دونوں ہاتھوں کو کلائیوں تک تین بار دھوئیں۔

۲۔ پھر تین بار کلی کریں، بہتر یہ ہے کہ مسواک بھی کیا جائے ورنہ انگلی کے ساتھ ہی مسواک کریں۔

۳۔ پھر ناک میں تین بار پانی ڈالیں اور جھاڑیں۔

۴۔ پھر تین بار پورے چہرے کو دھوئیں، ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک اسی طرح پیشانی پر جہاں سے بال شروع ہوتے ہیں وہاں سے لیکر ٹھوڑی کے نیچے تک دھوئیں۔

۵۔ پھر دونوں بازوؤں کو کہنیوں سمیت تین بار دھوئیں۔

۶۔ پھر پورے سر کا مسح اس طرح کریں کہ دونوں ہاتھوں کی چھوٹی، اس کے ساتھ والی اور اس کے ساتھ والی یعنی درمیانی انگلیوں کے سروں کو آپس میں ملا کر پورے سر پر پھیریں جبکہ شہادت کی انگلیاں اور انگوٹھے سر کے ساتھ ٹچ نہ ہوں۔

۷۔ پھر انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کے ساتھ کانوں کا مسح اس طرح کریں کہ شہادت کی انگلیاں کانوں کے اندر اور انگوٹھے کانوں کی پشت پر ہوں۔

۸۔ پھر گردن کا مسح اس طرح کریں کہ دونوں ہاتھوں کی چھوٹی، اس کے ساتھ والی اور اس کے ساتھ والی یعنی درمیانی انگلیوں کی پشت کو گردن پر رکھ کر اٹھا دیں۔ حلق کی طرف نہ کھینچیں۔

۹۔ پھر دائیاں پاؤں تین بار اور پھر بائیاں پاؤں تین بار دھوئیں۔

اگر کسی ایسی جگہ پر ہوں جہاں چاروں طرف ایک میل تک پانی موجود نہ ہو تو پھر تیمم کیا جاتا ہے۔ تیمم کرنے کا طریقہ یہ ہے: 1۔ سب سے پہلے نیت کریں۔ 2۔ پھر پاک مٹی یا پتھر وغیرہ پر دونوں ہاتھ رکھ کر پورے چہرے پر پھیریں۔ 3۔ دوبارہ مٹی یا پتھر وغیرہ پر ہاتھ رکھ کر دونوں بازوؤں پر کہنیوں سمیت اس طرح پھیریں کہ کوئی جگہ خالی نہ رہے۔

اسلامی معلومات

فرض......☆وہ ہے جس کو ادا کرنا ضروری ہے، اور اس کا انکار کرنے والا کافر ہو جاتا ہے۔ فرض کی دو قسمیں ہیں: 1۔ فرض عین، 2۔ فرض کفایہ۔
فرض عین وہ ہے جو ہر مسلمان پر علیحدہ علیحدہ فرض ہے جیسے نماز، روزہ وغیرہ۔ اور فرض کفایہ وہ ہے جسے چند مسلمان ادا کر لیں تو سب کی طرف سے ادا ہو جاتا ہے جیسے نماز جنازہ۔

واجب......☆وہ ہے جس کو ادا کرنا ضروری ہے لیکن اس کا انکار کرنے والا کافر نہیں بلکہ گمراہ ہے۔ جیسے نماز وتر۔

سنت......☆سنت کی دو قسمیں ہیں: 1۔ مؤکدہ، 2۔ غیر مؤکدہ۔ سنت مؤکدہ وہ ہے جسے نبی ﷺ یا صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے ہمیشہ کیا ہو، اسے جان بوجھ کر چھوڑنے والے کے لئے حضور ﷺ کی شفاعت سے محروم ہونے کا خطرہ ہے۔ مثلاً فجر ظہر کی پہلی اور ظہر مغرب عشاء کی بعد والی دو سنتیں۔ غیر مؤکدہ وہ ہے جسے نبی ﷺ یا صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اکثر کیا ہو اور کبھی بغیر عذر کے چھوڑا بھی ہو، مثلاً عصر اور عشاء کی پہلی چار سنتیں۔

مستحب......☆وہ ہے جسے نبی ﷺ یا صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے کبھی کیا اور کبھی چھوڑا، مستحب عمل کرنے سے ثواب ملتا ہے اور نہ کرنے سے گناہ نہیں ہوتا مثلاً نوافل وغیرہ۔

حرام......☆وہ ہے جس سے بچنا ضروری ہے اور اس کو حلال سمجھنے والا کافر ہو جاتا ہے۔ مثلاً شراب، جھوٹ بولنا۔

مکروہ......☆مکروہ کی دو قسمیں ہیں: 1۔ مکروہ تحریمی، 2۔ مکروہ تنزیہی۔
مکروہ تحریمی وہ ہے جس سے بچنا ضروری ہے لیکن اس کو حلال سمجھنے والا کافر نہیں بلکہ گمراہ ہوتا ہے۔
مکروہ تنزیہی وہ ہے جس کا کرنا برا سمجھا جائے اور نہ کرنا بہتر ہو۔ مثلاً نماز کی پہلی رکعت میں ثناء کی بجائے سورہ فاتحہ سے نماز شروع کر دینا۔

مباح......☆وہ ہے جس کے کرنے سے نہ گناہ ہو اور نہ ثواب مثلاً کھانا، پینا، سونا وغیرہ۔

نوافل

فرائض واجبات اور سنن کے ساتھ ساتھ نوافل کا بھی اہتمام کرنا چاہئے، قیامت والے دن فرائض کی کمی کو نوافل سے پورا کیا جائے گا۔ ویسے تو نوافل کی کوئی حد نہیں ہم جتنی چاہیں نفلی نمازیں، روزے اور مالی صدقے کر سکتے ہیں مگر بعض نوافل کا روایات میں خاص ذکر اور فضیلت مذکور ہے جیسے نمازوں میں اشراق، چاشت، اوابین، صلوٰۃ تسبیح، تحیۃ الوضوء، تحیۃ المسجد وغیرہ۔ ان میں سب سے افضل تہجد کی نماز ہے۔

اسی طرح روزوں میں ایام بیض، محرم، شوال، عرفہ وغیرہ کے روزے۔

مالی صدقات میں زکوٰۃ فطرانہ کے علاوہ اچھے کاموں مثلاً مسجد، مدرسہ دینی کاموں کی اشاعت، یتیموں، غریبوں پر بھی مال خرچ کرنا چاہئے۔

نوٹ: استاد کو چاہئے کہ وہ ان تمام نمازوں اور ایام کے بارے میں تفصیل کے ساتھ بچوں کو سمجھائے۔

تصویر نمبر 1: نماز شروع کرتے وقت قبلہ کی طرف رُخ کر کے سیدھے کھڑے ہوں، پاؤں کے درمیان مناسب فاصلہ ہو، پاؤں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو نظریں سجدے کی جگہ پر ہوں۔

تصویر نمبر 2: نماز شروع کرنے اور تکبیر تحریمہ کہنے کے لئے دونوں ہاتھوں کو کانوں تک اس طرح اٹھائیں کہ انگوٹھے کانوں کی لو کے برابر آجائیں، ہتھیلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو انگلیاں آسمان کی طرف ہوں۔

تصویر نمبر 3: خواتین دونوں ہاتھ کاندھے تک ڈوپٹے کے اندر سے ہی اٹھائیں۔

تصویر نمبر 4

تصویر نمبر 4: تکبیر تحریمہ کہہ کر دونوں ہاتھ ناف کے نیچے اس طرح باندھیں کہ انگوٹھے اور چھوٹی انگلی سے حلقہ بنالیں اور باقی تین انگلیاں بائیں کلائی پر ہوں۔

تصویر نمبر 5

تصویر نمبر 5: خواتین اپنے ہاتھ سینے پر اس طرح رکھیں کہ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھیں۔

تصویر نمبر 6: رکوع کرتے ہوئے اتنا جھکیں کہ گردن اور پیٹھ ایک سیدھ میں آجائیں، ہاتھوں کو گھٹنوں پر اس طرح رکھیں کہ انگلیاں کھلی ہوئی ہوں۔ نظر پاؤں پر رکھیں۔

تصویر نمبر 7: خواتین مردوں کی طرح زیادہ نہ جھکیں صرف اتنا جھکیں کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں۔

تصویر نمبر 8: رکوع سے واپس سیدھے کھڑے ہوں۔

تصویر نمبر 9: پھر سجدے میں اس طرح جائیں کہ سینہ بالکل سیدھا ہو، آگے کو جھک کر سجدے میں نہ جائیں۔ پہلے زمین پر گھٹنے لگیں پھر ہاتھ پھر ناک پھر پیشانی۔

تصویر نمبر10: سجدے میں سر دونوں ہاتھوں کے درمیان ہو، ہاتھ کی انگلیاں قبلہ کی طرف ہوں، کہنیاں پہلو سے جدا ہوں، رانیں پیٹ سے جدا ہوں، نظر ناک پر ہو، پاؤں کی انگلیاں زمین پر رکھی ہوئی ہوں اور رُخ قبلہ کی طرف ہو۔

تصویر نمبر11: خواتین اس طرح سجدہ کریں کہ پیٹ رانوں سے ملا ہوا ہو، بازو پہلو سے ملے ہوئے ہوں، پاؤں دائیں طرف نکال کر لٹا دیں۔

تصویر نمبر11

تصویر نمبر 12: سجدے سے اٹھتے وقت پہلے سر، پھر ناک، پھر ہاتھ اٹھائیں۔ سجدے سے اٹھ کر اطمینان سے بیٹھیں، بائیں پاؤں کو دائیں طرف لٹادیں اور دائیں پاؤں کو اس طرح کھڑا کریں کہ انگلیوں کا رخ قبلہ کی طرف ہو۔

تصویر نمبر 13: خواتین اس طرح بیٹھیں کہ دونوں پاؤں دائیں طرف لیٹے ہوئے ہوں۔

تصویر نمبر 14: دوسرے سجدے سے اٹھتے وقت پہلے سر، پھر ناک، پھر ہاتھ، پھر گھٹنے اٹھائیں۔ کھڑا ہونے کے لئے ہاتھ زمین پر نہ رکھیں بلکہ گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر اٹھیں۔

تصویر نمبر 15: تشہد میں جب ''اشھد ان لا'' پر پہنچیں تو درمیان والی انگلی کو انگوٹھے کے ساتھ ملا کر حلقہ بنالیں، چھوٹی اور اس کے ساتھ والی انگلی کو بند کر دیں، پھر شہادت والی انگلی کو اوپر اٹھائیں اور ''الا اللہ'' پر پہنچ کر اتنا نیچے کر دیں کہ درمیان والی اور شہادت والی انگلی کا درمیانہ جوڑ برابر ہو جائیں۔

تصویر نمبر 16: سلام پھیرتے وقت ''السلام'' کا لفظ قبلہ کی طرف کہیں اور ''علیکم'' کہتے وقت دائیں طرف منہ موڑیں، پھر دوبارہ ''السلام'' کا لفظ قبلہ کی طرف کہیں اور ''علیکم'' کہتے وقت بائیں طرف منہ موڑیں۔

سلام کے بعد تین بار استغفر اللہ کہیں اور ایک بار آیت الکرسی پڑھیں

نام نماز	سنت	فرض	سنت	واجب	کل رکعت
فجر	2	2	x	x	4
ظہر	4	4	2	x	10
عصر	x	4	x	x	4
مغرب	x	3	2	x	5
عشاء	x	4	2	3	9
جمعہ	4	2	2+4	x	12
عیدین	x	x	x	2	2

سوم کلمہ تمجید

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَلَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں اور تمام تعریف اللہ ہی کے لئے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو بلند شان اور عظمت والا ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

چہارم کلمہ توحید

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسکی بادشاہی ہے اور اسی کیلئے تمام تعریف ہے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہمیشہ زندہ رہے گا اسے کبھی بھی موت نہیں وہ عظمت اور بزرگی والا ہے۔ بہتری اسی کے ہاتھ میں ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

پنجم کلمہ استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا اَوْخَطَاً سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِىْٓ اَعْلَمُ وَ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِىْ لَا اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَ سَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَاحَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے، ہر گناہ سے جو میں نے کیا جان بوجھ کر یا بھول کر در پردہ ہو یا کھلم کھلا اور میں توبہ کرتا ہوں اس کے حضور میں اس گناہ سے جو مجھے معلوم ہے اور اس گناہ سے جو مجھے معلوم نہیں۔ اے اللہ! بے شک تو غیبوں کا جاننے والا ہے اور عیبوں کا چھپانے والا ہے اور گناہوں کا بخشنے والا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو بلند شان اور عظمت والا ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

اسلامی معلومات

تمجید کا معنی بزرگی ہے ← یعنی اللہ تعالیٰ بزرگ و برتر ذات ہے، تمام پاکیاں اور تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں۔

توحید کا معنی اکیلا ہے ← یعنی اللہ تعالیٰ ایک ہے اس کے ساتھ ذات یا صفات میں کوئی شریک نہیں، اگر کوئی اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرے تو وہ مشرک ہے، مثلاً خالق، رازق، ناصر یہ اللہ کی صفات ہیں اگر کوئی اللہ کے علاوہ کسی سے اولاد، رزق، یا مدد مانگے وہ مشرک ہے اور مشرک ہمیشہ کیلئے جہنم میں جائے گا۔

استغفار کا معنی توبہ ہے ← توبہ اللہ تعالیٰ سے معافی مانگنا ہے، توبہ سے گناہ معاف ہوتے ہیں، توبہ کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے۔

ششم کلمہ ردِّ کفر

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْـًٔا وَّ اَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَ تَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَ الشِّرْكِ وَ الْكِذْبِ وَ الْغِيْبَةِ وَ الْبِدْعَةِ وَ النَّمِيْمَةِ وَ الْفَوَاحِشِ وَ الْبُهْتَانِ وَ الْمَعَاصِيْ كُلِّهَا وَ اَسْلَمْتُ وَ اَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ کسی چیز کو تیرا شریک بناؤں اور مجھے اس کا علم ہو اور میں معافی مانگتا ہوں تجھ سے (اس گناہ) سے جس کا مجھے علم نہیں میں نے شرک سے توبہ کی اور میں بیزار ہوا کفر اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور بے حیائی کے کاموں سے اور تہمت لگانے سے اور (دوسری) ہر قسم کی نافرمانیوں سے اور میں نے فرمانبرداری کے لئے سر جھکا دیا اور میں کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہوجانے کی تاریخ ________

ایمانِ مجمل یہ ہے

آمَنْتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَ بِاَسْمَآئِہٖ وَصِفَاتِہٖ وَقَبِلْتُ

ایمان لایا میں اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور صفتوں کے ساتھ ہے اور

جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِیْقٌ بِالْقَلْبِ ط

میں نے اس کے تمام احکام قبول کیے، اقرار کیا زبان سے اور تصدیق کی دل سے

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

ایمانِ مفصل یہ ہے

آمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَالْیَوْمِ

ایمان لایا میں اللہ تعالیٰ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور

الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی

اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اس پر کہ اچھی اور بری تقدیر اللہ تعالیٰ کی

وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ط

طرف سے ہے اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر بھی میں ایمان لایا

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

اسلامی معلومات

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ کے آخری پیغمبر ہیں۔ آپ کے بعد نہ تو کوئی نبی آیا اور نہ ہی قیامت تک کوئی آئے گا۔ عنقریب حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو پہلے اللہ کے نبی تھے اور آسمانی کتاب انجیل ان پر نازل ہوئی تھی وہ آسمان سے نازل ہونگے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے امتی کی حیثیت سے زندگی گزاریں گے اور دجال کو قتل کریں گے۔ مرزا غلام احمد قادیانی نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا، وہ اپنے دعوے کے کچھ عرصہ بعد باتھ روم میں گر کر مرا تھا۔

اسلامی معلومات

فرشتے اللہ تعالیٰ کی نورانی مخلوق ہیں۔ انہیں نہ تو بھوک لگتی ہے اور نہ ہی پیاس۔ فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ طاقت عطا فرمائی ہے۔ فرشتوں سے گناہ سرزد نہیں ہوتے۔ فرشتوں کے ذمہ مختلف قسم کے کام ہیں۔ کوئی بارش برسانے پر مامور ہے اور کوئی روزی پہنچانے پر۔

چار فرشتے بڑے ہیں۔

۱۔ جبریل ۲۔ میکائیل ۳۔ عزرائیل ۴۔ اسرافیل

جبریل علیہ السلام اللہ کے پیغمبروں کے پاس اللہ کی طرف سے وحی (پیغام) لایا کرتے تھے۔

میکائیل علیہ السلام کے ذمہ بارش برسانا اور لوگوں کو روزی پہنچانا۔

عزرائیل علیہ السلام کو ملک الموت بھی کہتے ہیں۔ ان کے ذمہ لوگوں کی روح نکالنا یعنی موت طاری کرنا ہے۔

اسرافیل علیہ السلام کے ہاتھ میں صور ہے جب اللہ تعالیٰ قیامت قائم کرنا چاہیں گے تو ان کو حکم ہوگا کہ صور پھونکیں، جب حضرت اسرافیل علیہ السلام صور پھونکیں گے تو زمین آسمان چاند ستارے اور سورج ہر چیز ٹوٹ جائے گی، سارے انسان مرجائیں گے اور قیامت قائم ہوجائے گی۔

بعض فرشتے اللہ کے سامنے سجدے میں پڑے ہوئے ہیں اور بعض رکوع میں ہیں۔ بعض تشہد کی حالت میں بیٹھے ہیں اور بعض قیام کی حالت میں کھڑے ہیں اور قیامت تک اسی طرح ہوں گے۔

بعض فرشتے ہر وقت اللہ کی تسبیح اور تحمید میں مصروف ہیں۔

بعض فرشتوں کی تسبیح یہ ہے:

سبحان من زین الرجال باللحی و النساء بالقرون و الذوائب

پاک ذات ہے وہ جس نے مردوں کو داڑھی سے اور عورتوں کو چوٹیوں اور مینڈیوں سے زینت بخشی۔

چالیس مسنون دعائیں

مسجد میں داخل ہوتے وقت

(۱) اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

مسجد سے نکلتے وقت

(۲) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

مسجد میں داخل ہوتے وقت دایاں پاؤں پہلے مسجد میں رکھیں، اور اعتکاف کی نیت کر لیں۔

مسجد سے نکلتے وقت بایاں پاؤں پہلے مسجد سے نکالیں، اور جوتے میں دایاں پاؤں پہلے داخل کریں۔

گھر سے نکلتے وقت

۳ بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

میں اللہ ہی کا نام لے کر نکلا میں نے اللہ پر بھروسہ کیا۔ گناہوں سے پھرنے اور عبادت کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

گھر میں داخل ہوتے وقت

۴ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا

اے اللہ! میں تجھ سے اچھا داخل ہونا اور اچھا نکلنا مانگتا ہوں۔ ہم اللہ کا نام لے کر داخل ہوئے اور ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا۔

اس کے بعد گھر والوں کو سلام کرے

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

گھر میں داخل ہوتے وقت اور نکلتے وقت بلند آواز سے ''السلام علیکم'' کہیں۔

گھر میں داخل ہوتے وقت ایک مرتبہ درود شریف اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھنے سے رزق میں برکت ہوتی ہے۔

گھر کے دروازے ''بسم اللہ'' پڑھ کر بند کریں اللہ تعالیٰ ہر شر سے حفاظت فرمائیں گے۔

جب بازار میں داخل ہوں

⑤ بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُکَ خَیْرَ ھٰذِہِ السُّوْقِ وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَ شَرِّ مَا فِیْھَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِکَ اَنْ اُصِیْبَ فِیْھَا یَمِیْنًا فَاجِرَۃً اَوْصَفْقَۃً خَاسِرَۃً

میں اللہ کا نام لے کر داخل ہوا۔ اے اللہ میں تجھ سے اس بازار کی اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کی خیر طلب کرتا ہوں اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس بازار کے شر سے اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کے شر سے۔ اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ یہاں جھوٹی قسم کھاؤں یا معاملہ میں خسارہ اٹھاؤں۔

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

سوتے وقت پڑھنے کی دُعا

⑥ اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَ اَحْیٰ

اے اللہ! میں تیرا ہی نام لے کر مرتا ہوں اور جیتا ہوں۔

اور سوتے وقت یہ بھی پڑھے سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۴ بار

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

سونے سے پہلے بستر کو بسم اللہ پڑھ کر جھاڑیں۔

آیت الکرسی پڑھ کر قبلہ کی طرف داہنی کروٹ سوئیں۔

سوتے سوتے بُرا خواب آئے اور ڈر جائیں تو یہ دعا پڑھیں

بُرا خواب دیکھے تو یہ پڑھے

(۷) أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرُّؤْيَا

میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں شیطان مردود سے اور اس خواب کی بُرائی سے

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

جب سو کر اُٹھے تو یہ دُعا پڑھے

(۸) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَ اِلَیْهِ النُّشُوْرُ

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں موت دے کر زندگی بخشی اور ہم کو اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

جب سو کر اُٹھیں تو کلمہ پڑھ کر منہ پر ہاتھ پھیریں۔

پھر مسنون دعا پڑھیں۔ کسی برتن وغیرہ میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے تین مرتبہ ہاتھ دھو لیں۔

رات کو جلدی سوئیں اور صبح جلدی اٹھیں۔

فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک ہرگز نہ سوئیں۔ اس سے رزق میں بے برکتی ہوتی ہے۔

باتھ روم میں داخل ہونے سے پہلے

⑨ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ ؕ

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں خبیث جنوں سے مرد ہوں یا عورت

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

باتھ روم سے باہر نکل کر یہ پڑھیں

⑩ غُفْرَانَكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ

سب تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں جس نے مجھ سے ایذا دینے والی چیز دور کی اور مجھے چین دیا

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

باتھ روم میں داخل ہوتے وقت سر ڈھانپ لیں، پیشاب کرتے وقت قبلہ کی طرف نہ منہ کریں اور نہ ہی پیٹھ۔ پیشاب بیٹھ کر کریں۔ اس دوران باتیں نہ کریں۔ مسنون دعا پڑھنے سے جنات وشیاطین سے حفاظت ہو جاتی ہے۔

جب اذان کی آواز سنے

تو جو مؤذن کہتا جائے وہی کہے اور حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ؕ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے جواب میں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ کہے

اذان ختم ہونے کے بعد دُرود پڑھ کر یہ پڑھے

(۱۱) اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَ الصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ط

اے اللہ! اس پوری پکار کے رب اور قائم ہونے والی نماز کے رب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو وسیلہ عطا فرما (جو جنت کا ایک درجہ ہے) اور ان کو فضیلت عطا فرما اور ان کو مقام محمود پر پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے بیشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

جب کھانا شروع کرے تو یہ دُعا پڑھے

(۱۲) بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ

میں نے اللہ کے نام اور اللہ کی برکت پر کھانا شروع کیا۔

اگر شروع میں بسم اللہ کہنا بھول گیا تو یاد آنے پر یہ پڑھے

(۱۳) بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ ط

میں نے اس کے اول و آخر میں اللہ کا نام لیا۔

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

حدیث شریف میں ہے کہ جس کھانے پر بِسْمِ اللّٰهِ نہ پڑھی جائے شیطان کو اس میں ساتھ کھانے کا موقع مل جاتا ہے۔

جب کھانا کھا چکے تو یہ پڑھے

(۱۴) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَ سَقَانَا وَ جَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ○

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور مسلمان بنایا۔

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

جب کسی کے ہاں دعوت کھائے تو یہ پڑھے

(۱۵) اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ

اے اللہ! جس نے مجھے کھلایا تو اسے کھلا اور جس نے مجھے پلایا تو اسے پلا

